**SET-3**

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
**Code No. 264/1/3**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **14** ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طلبا کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لِکھنا ہوگا۔
- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں **23** سوال ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لِکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کاپی میں لکھ لیجئے۔**
- پرچہ کے سوالوں کو پڑھنے کے لئے آپکو 15 منٹ کا زائد وقت مہیا کیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ کے سوالات کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **14** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **23** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر : 80

*Maximum marks : 80*

**عام ہدایات :**

*(i)* اِس پرچہ کے دو حِصّے **A** اور **B** ہیں۔

*(ii)* حِصّہ **A** سبھی طُلبا کے لئے **لازمی** ہے۔

*(iii)* حِصّہ **B** کے دو آپشن ہیں۔ آپشن-I (مالیاتی بیان کا تجزیہ) اور آپشن-II (کمپیوٹری کھاتہ داری)۔

*(iv)* حِصّہ **B** سے صرف **ایک** ہی آپشن کے سوالات کے جواب لکھئے۔

*(v)* کسی ایک سوال کے **سبھی** حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ لکھئے۔

## حِصّہ - A

## (ساجھے داری فرموں اور کمپنیوں کے لئے کھاتہ داری)

## (Accounting for Partnership Firms and Companies)

.1 Y لمٹیڈ نے 2 ₹ فی حصص کی پہلی طالبی رقم کی عدم ادائیگی پر 10 ₹ فی حصص کے 100 اکویٹی حصص کو ضبط کر لیا۔
2 ₹ فی حصص کی آخری طالبی رقم ابھی مانگی جانی تھی۔
(بٹے) تخفیف کی زیادہ سے زیادہ رقم کی تحسیب کیجیے جس پر ان حصص کو از سر نو جاری کیا جا سکے۔ **1**

.2 X لمٹیڈ نے 100 ₹ فی مساوی قدر پر 1000، %9 ڈبنچرز کو %6 کی تخفیف پر جاری کرنے کے لئے درخواستیں مانگی۔ 1200 ڈبنچرز کے لئے درخواستیں موصول ہوئیں۔ سبھی درخواست کنندگان کو تناسبی بنیاد پر تقسیم کر دیا گیا۔
یہ مانتے ہوئے کہ تمام رقم کی ادائیگی درخواست کے ساتھ کرنا تھا، ڈبنچرز جاری کرنے کے لئے روزنامچہ تیار کیجیے۔ **1**

.3 P اور Q ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور نفع کی تقسیم برابر برابر کرتے تھے۔ ان کا قائم سرمایہ بالترتیب 1,00,000 ₹ اور 50,000 ₹ تھا۔ ساجھے داری معاہدے میں سرمائے پر %10 سالانہ سود کا حساب تھا۔
31 مارچ 2016 کو اختتامی سال کے لئے سرمائے پر سود لگائے بغیر فرم کا نفع منقسم کر دیا گیا۔
غلطیوں کو دور کرنے کے لئے ضروری تطابقی اندراج بنائیے۔ **1**

.4 A اور B ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور نفع-نقصان کی تقسیم 3 : 4 کے تناسب میں کرتے تھے۔ انہوں نے C کو ایک نیا ساجھے دار بنایا۔ A، B اور C کے درمیان نیا نفع تناسب 2 : 2 : 3 تھا۔ A نے اپنے ساجھے کا 1/4 حصہ C کے لئے ایثار کر دیا۔ B کی ایثاری تناسب کی تحسیب کیجیے۔ **1**

.5 گیتا اور شرما ایک فرم میں حصہ دار تھے۔ وہ فرم میں مزید دو ممبران کو داخل کرنا چاہتے تھے۔ نابالغوں کے علاوہ ان افراد کی فہرست بنائیے جنھیں فرم میں داخل نہیں کیا جا سکتا۔ **1**

.6 کیا ساجھے داری فرموں کا الگ سے قانونی وجود ہوتا ہے؟ اپنے جواب کی تائید میں وجہ بتائیں۔ **1**

7. آکاش لمٹیڈ 8,00,00,000 ₹ کا منظور اصل (سرمایہ) بطور فی حصص 10 ₹ رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی کی خریدی اور پوری ادائگی سرمایہ 4,00,00,000 ₹ تھی۔ کمپنی نے مقامی نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے اور ریاست جمو و کاشمیر کے دیہی علاقوں کی ترقی کے لئے اننت ناگ میں فوڈ پروسیسنگ اکائی قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ کمپنی نے لداخ، سرینگر اور پونچھ میں مہارتوں کو فروغ دینے کے مراکز کھولنے کا بھی فیصلہ لیا۔ نئی مالیاتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کمپنی نے 10 ₹ فی حصص کے 1,00,000 اکویٹی شیئر اور 100 ₹ فی حصص کے 10,000، 9% ڈبنچرز جاری کرنے کا فیصلہ لیا۔ پانچ سال کے بعد ڈبنچرز قابل بازادائیگی تھے۔ حصص اور ڈبنچرز کا اجراء پوری طرح خرید لیا گیا۔ ایک حصہ دار جس کے پاس 1000 حصص تھے 2 ₹ فی حصہ کا آخری طالبی رقم ادا کرنے میں ناکام رہا۔
کمپنی دفعہ 2013 کی فہرست III کے مطابق کمپنی کے تختہ توازنی میں حصص سرمایہ پیش کیجیے۔ نیز ان دو قدروں کی پہچان بھی کیجیے جنہیں کمپنی مشتہر کرنا چاہتی ہے۔ 3

8. Z لمٹیڈ نے K لمٹیڈ سے مشینری خریدی۔ Z لمٹیڈ نے K لمٹیڈ کو مندرجہ ذیل طور پر ادائیگی کی :
(i) 30% پریمیم پر 10 ₹ فی حصص کے 5000 اکویٹی حصص جاری کرکے۔
(ii) 10 فیصد کی تخفیف پر 100 ₹ فی حصص کے 1000، 8% کے ڈبنچرز جاری کرکے۔
(iii) باقی 48,000 ₹ دو ماہ بعد ادائیگی کا اجازت نامہ دیکر۔
Z لمٹیڈ کی کتاب میں K لمٹیڈ سے مشین کی خریداری اور ادائیگی کا روزنامچہ تیار کیجیے۔ 3

9. امر، رام، موہن اور سوہن ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور 1 : 2 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع میں شریک تھے۔ 31 جنوری 2017 کو سوہن ریٹائر ہو گیا۔ سوہن کے ریٹائرمنٹ پر فرم کے ساکھ کی قدر 70,000 ₹ تحسیب کی گئی۔ امر، رام اور موہن کے درمیان 1 : 1 : 5 کی تناسب کا نیا نفع مقرر کیا گیا۔
اپنے ورکنگ نوٹ میں صاف صاف دکھاتے ہوئے سوہن کے ریٹائرمنٹ پر فرم کی ساکھ کے لئے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 3

10. جین موٹرس لمٹیڈ نے 100 ₹ فی حصص کے 200، 8% ڈبنچرز جو 6% کی تخفیف پر جاری کئے گئے تھے، کو 10 ₹ فی حصص کے مساوی قدروں میں بدلا تھا جو 25% پریمیم پر تھے۔ 8% ڈبنچرز کی اجراء پر تخفیف کو ابھی تک ختم نہیں کیا گیا ہے۔
8% کے ڈبنچرز کو اکویٹی حصص میں بدلنے کے لئے اپنا ورکینگ نوٹ صاف صاف بتاتے ہوئے مناسب روزنامچہ اندراجات بنائیے۔ 3

11. کرن اور ورون ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور نفع و نقصان میں 2 : 1 کے تناسب سے شریک تھے۔ ان کا قائم سرمایہ بالترتیب 2,00,000 ₹ اور 3,00,000 ₹ تھا۔ یکم اپریل 2016 کو کشور کو ایک نئے پارٹنر کی حیثیت سے نفع میں 1/4 حصہ کے طور پر شامل کیا گیا۔ کشور اپنے ساتھ 2,00,000 ₹ لایا جسے کرن اور ورون کی طرح قائم سرمایہ کی طرح رکھا گیا۔ کشور نے اپنے نفع کا حصہ ورون سے حاصل کیا۔

کشور کے داخلے پر فرم کی ساکھ کی تحسیب کیجیے اور کرن، ورون اور کشور کے نئے نفع کے تناسب کی تحسیب کیجیے۔ نیز کشور کے داخلے پر گڈول کی کھاتہ داری کے لئے روزنامچہ اندراج بھی کیجیے، یہ مانتے ہوئے کہ کشور نقد میں ساکھ پریمیم نہیں لایا تھا۔ 4

12. سندیپ، مندیپ اور امن دیپ ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور نفع میں ان کی شراکت 1 : 2 : 2 کے تناسب سے تھی۔ فرم ہر سال اپنا کھاتہ 31 مارچ کو بند کرتی ہے۔ 30 ستمبر 2016 کو مندیپ کا انتقال ہو گیا۔ شراکتی معاہدہ میں یہ تھا کہ کسی ساجھے دار کی موت پر اس کا وارث مندرجہ ذیل کا حقدار ہوگا :

(1) اس کے سرمایہ کھاتہ کا بقایہ اور سرمائے پر 12 فیصد سالانہ سود۔ یکم اپریل 2016 کو مندیپ کے سرمایہ کھاتہ کا بقایہ 1,00,000 ₹ تھا۔

(2) اس کے انتقال کے سال میں فرم کے نفع میں اس کا حصہ گذشتہ سال کی فروختگی کے خالص نفع پر نکالا جائے گا جو 25% تھا۔ 30 ستمبر 2016 تک فرم کا فروخت 9,00,000 ₹ تھا۔

(3) فرم کی ساکھ میں اس کا حصہ۔ مندیپ کی موت پر فرم کے گڈول کی تحسیب 1,50,000 ₹ تھی۔

شراکت داری معاہدے میں یہ بھی تھا کہ مرنے والے پارٹنر کے وارث کو قابل ادا رقم سے مندرجہ ذیل تخفیفات کی جائیں گی :

(1) موت کے سال میں اس کا پیسے نکالنا۔ 30 ستمبر 2016 تک مندیپ نے 4,000 ₹ نکالے تھے۔

(2) پیسہ نکالنے پر ہر سال 6 فیصد کا سود جو 120 ₹ نکالا گیا۔

فرم کے کھاتہ دار نے مندیپ کو ادا کرنے کے لئے مندیپ کا کھاتہ تیار کیا جو مندرجہ ذیل تھا لیکن جلد بازی میں اس نے اسے ادھورا چھوڑ دیا :

**مندیپ کا سرمایہ کھاتہ**

| تاریخ | مدات | رقم (₹) | تاریخ | مدات | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|---|
| یکم ستمبر 2016 | ........... | 4,000 | یکم اپریل 2016 | ........... | 1,00,000 |
| ” ” | ........... | – | 30 ستمبر ” | ........... | 6,000 |
| ” ” | ........... | – | ” ” | ........... | 90,000 |
| | | | ” ” | ........... | 40,000 |
| | | | ” ” | ........... | 20,000 |
| | | **2,56,000** | | | **2,56,000** |

مندیپ کے سرمایہ کھاتے کو پورا کیجیے۔ 4

13. P، Q، R اور S ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور نفع میں ان کی شراکت 3 : 2 : 4 : 1 کے تناسب سے تھی۔ یکم اپریل 2016 کو ان کا تختۂ توازن مندرجہ ذیل تھا :

**یکم اپریل 2016 کو P، Q، R اور S کا تختہ توازن**

| واجبات | | رقم (₹) | اثاثہ جات | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| سرمایہ : | | | قائم اثاثہ | 12,70,000 |
| P | 2,00,000 | | رواں اثاثہ | 5,30,000 |
| Q | 3,00,000 | | | |
| R | 4,00,000 | | | |
| S | 5,00,000 | 14,00,000 | | |
| متفرق قرض خواہاں | | 2,30,000 | | |
| کامگاروں کا معاوضہ ذخیرہ | | 1,70,000 | | |
| | | **18,00,000** | | **18,00,000** |

مذکورہ بالا تاریخ سے ساجھے داروں نے مستقبل میں نفع کو برابر برابر تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس مقصد کے لئے فرم کی ساکھ کی قدر کا اندازہ 2,70,000 ₹ لگایا گیا۔ ساجھے دار مندرجہ ذیل کے لئے بھی راضی ہو گئے :

(i) کام گاروں کے معاوضہ ذخیرہ کے خلاف دعویٰ کا اندازہ 2,00,000 ₹ لگایا گیا۔

(ii) ساجھے داروں کے سرمایہ کا تسویہ نئے نفع تناسب میں کیا جائے گا اور اس کے لئے ضرورت کے مطابق نقد لایا جائے گا یا ادائیگی کی جائے گی جو بھی صورت حال ہو۔

از سرنو اندازۂ قدر کھاتہ، ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ اور نوتشکیل شدہ فرم کا گوشوارہ تیار کیجئے۔ 6

14. یکم اپریل 2015 کو PVR لمٹیڈ نے 1,000 ₹ فی حصہ کے 750، 11% قرض ناموں کا اجراء 5% کے بٹے پر کیا۔ قرض ناموں کی بازادائیگی تین سالوں کے بعد 10% کے پریمیم پر کرنا ہے۔ قرض ناموں پر سود 30 ستمبر اور 31 مارچ کو قابل ادائیگی ہوتا ہے۔ PVR لمٹیڈ اپنی کتاب ہر سال 31 مارچ کو بند کر دیتی ہے۔ سورس پر ٹیکس کٹوتی کی شرح 10% ہے۔

31 مارچ 2016 کے اختتامی سال کے لئے قرض ناموں کی اجراء اور سود کی ادائیگی کے لئے ضروری روزنامچہ اندراجات تیار کیجئے۔ 6

15. مندرجہ ذیل حالات میں ایک فرم کی تحلیل پر ضروری روزنامچہ اندراجات کیجئے :

(i) ایک ساجھے دار دھرم کو تحلیلی عمل کی نگرانی کے لئے 12,000 ₹ کے معاوضہ پر مقرر کیا گیا۔ اسے تحلیل کے اخراجات برداشت کرنا تھا۔ تحلیل کے اخراجات 11,000 ₹ دھرم کے ذریعہ ادا کئے گئے۔

(ii) ایک ساجھے دار جے کو تحلیلی عمل کی نگرانی کے لئے 15,000 ₹ کے معاوضہ پر مقرر کیا گیا۔ جے تحلیلی اخراجات برداشت کرنے کے لئے تیار ہو گیا۔ اصل تحلیلی اخراجات 16,000 ₹ جے کی طرف سے ایک دوسرے ساجھے دار وجے نے ادا کئے۔

(iii) ایک دوسرے ساجھے دار دیپا کو تحلیلی عمل کی نگرانی کے لئے 7,000 ₹ کے معاوضے پر رکھا گیا۔ دیپا تحلیلی اخراجات برداشت کرنے کے لئے تیار ہو گئی۔ تحلیلی عمل کا اصل خرچ 6,000 ₹ تھا جسے فرم کے ذریعہ فرم کے بنک کھاتہ سے ادا کیا گیا۔

(iv) ایک ساجھے دار دیو 7,500 ₹ میں تحلیلی عمل کرنے کے لئے تیار ہو گیا۔ اس نے اس کے مساوی رقم کا اسٹاک اپنے کمیشن میں لیا۔ اسٹاک پہلے ہی حصول کھاتہ میں منتقل ہو گیا تھا۔

(v) ایک ساجھے دار جیو تحلیلی عمل کرنے کے لئے رضامند ہو گیا۔ اسے 10,000 ₹ کمیشن کے بطور اجازت ملی۔ وہ تحلیلی اخراجات برداشت کرنے کے لئے تیار ہو گیا۔ جیو کے ذریعہ اصل تحلیلی اخراجات 12,000 ₹ ادا کیا گیا۔ یہ اخراجات جیو کے ذریعہ فرم سے نقد نکال کر کیا گیا۔

(vi) 8,000 ₹ کا ایک دین دار، جس کی رقم کو پہلے ہی تحلیلی کھاتے میں منتقل کر دیا گیا تھا، اپنے قرض کی مکمل ادائیگی کے لئے تحلیلی اخراجات 7,800 ₹ ادا کرنے کے لئے رضامندی دے دی۔ 6

16. W اور R ایک فرم میں ساجھے دار ہیں جس کی نفع میں شراکت 3 : 2 کے مناسب سے ہے۔ 31 مارچ 2016 کو ان کا توازنی تختہ مندرجہ ذیل تھا :

**31-3-2016 کو W اور R کا توازنی تختہ**

| واجبات | رقم (₹) | اثاثہ جات | رقم (₹) |
|---|---|---|---|
| متفرق قرض خواہ | 20,000 | نقد | 12,000 |
| غیر محفوظ قرض کا اہتمام | 2,000 | قرض دار | 18,000 |
| واجب تنخواہ | 3,000 | اسٹاک | 20,000 |
| عام ذخیرہ | 5,000 | فرنیچر | 40,000 |
| سرمایہ : | | پلانٹ اور مشینری | 40,000 |
| W 60,000 | | | |
| R 40,000 | 1,00,000 | | |
| | **1,30,000** | | **1,30,000** |

مندرجہ بالا تاریخ کو مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ C کو نفع کے 1/6 حصہ کے لئے ایک نیا ساجھے دار بنایا گیا :

(i) C اپنے سرمایہ کے لئے ₹ 30,000 اور گڈول پریمیم میں اپنے حصہ کے لئے ₹ 10,000 لائے گا، جس کا نصف حصہ W اور R کے ذریعہ نکال لیا جائے گا۔

(ii) ₹ 1,500 کے دینداروں کو ڈوبتے قرض کی شکل میں ختم کر دیا جائے گا اور دینداروں پر مشکوک اور ڈوبتے قرضوں کے لئے 5% کا اہتمام کیا جائے گا۔

(iii) واجب تنخواہوں کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

(iv) اسٹاک پر 10 فیصد کی قدری تخفیف ہوگی، فرنیچر پر ₹ 500 اور پلانٹ اور مشینری پر 8% کی فرسودگی لگائی جائے گی۔

(v) ₹ 2,500 کے سرمایہ کار جن کا ذکر توازنی تختہ میں ہے، کو کھاتے میں شامل کیا جائے گا۔

(vi) ₹ 2,100 کا قرض خواہ، جس کا تذکرہ کتاب میں نہیں ہے، کو کھاتے میں شامل کیا جائے گا۔

C کے داخلے پر فرم کی کتاب میں مندرجہ بالا مبادلوں کے لئے روزنامچہ اندراجات تیار کیجیے۔ 8

**یا**

M، N اور G ایک فرم میں ساجھے دار تھے جن کی نفع اور نقصان میں شراکت 5:3:2 کے تناسب سے تھی۔ 31 مارچ 2016 کو ان کا توازنی تختہ ذیل تھا :

**31-03-2016 کو M، N اور G کا توازنی تختہ**

| رقم (₹) | اثاثہ جات | | رقم (₹) | واجبات | |
|---|---|---|---|---|---|
| 40,000 | نقد | | 55,000 | قرض خواہ | |
| | دین دار | 45,000 | 30,000 | عام ذخیرہ | |
| 40,000 | خسارہ اہتمام | 5,000 | | سرمایہ کھاتے : | |
| 50,000 | اسٹاک | | | M | 1,50,000 |
| 1,50,000 | مشینری | | | N | 1,25,000 |
| 30,000 | پیٹینٹس | | 3,50,000 | G | 75,000 |
| 1,00,000 | عمارت | | | | |
| 25,000 | نفع و نقصان کھاتہ | | | | |
| **4,35,000** | | | **4,35,000** | | |

مندرجہ بالا تاریخ کو M سبکدوش ہو گیا اور مندرجہ ذیل پر رضامندی ہوئی :

(i) ₹ 2,000 کے قرض داروں کو ڈوبتے قرض کی شکل میں قلم زد کر دیا جائے گا اور قرض داروں پر مشکوک اور ڈوبے قرض کے لئے 5% کا اہتمام کیا جائے گا۔

(ii) پیٹنٹس کو مکمل طور پر قلم زد کیا جائے گا اور اسٹاک، مشینری اور عمارت پر 5% فرسودگی لگائی جائے گی۔

(iii) ₹ 10,000 کا ایک قرض خواہ، جس کا کھاتے میں تذکرہ نہیں ہے، کو کھاتے میں لیا جائے گا۔

(iv) N اور G مستقبل میں نفع میں 3 : 2 کے تناسب سے شریک ہوں گے۔

(v) M کی سبکدوشی کے وقت فرم کے گڈوِل کی قیمت ₹ 3,00,000 کا تخمینہ لگایا گیا۔

M کی سبکدوشی پر مندرجہ بالا مبادلوں کے لئے فرم کی کتاب میں ضروری روزنامچہ اندراجات تیار کیجیے۔ 8

17. AXN لمٹیڈ 10 ₹ فی حصہ کے 1,00,000 اکویٹی حصص جاری کرنے کے لئے 6 ₹ فی حصص کے پریمیئم پر درخواستیں طلب کیں۔ رقم مندرجہ ذیل طور پر قابل ادا تھی :

درخواست پر 4 ₹ فی حصہ (بشمول 2 ₹ پریمیم)

الاٹمنٹ پر 5 ₹ فی حصہ (بشمول 2 ₹ پریمیم)

پہلی طالبی پر 4 ₹ فی حصہ (بشمول 2 ₹ پریمیم)

دوسری اور آخری طالبی پر - بقیہ رقم

اجراء کا چندہ مکمل طور پر آ گیا۔

400 حصص رکھنے والا کمار نے الاٹمنٹ رقم کی ادائیگی نہیں کی تھی اور 1000 حصص رکھنے والے روی نے اپنے تمام حصص کی رقم الاٹمنٹ رقم کے ساتھ ہی ادا کر دیا تھا۔ کمار کا حصہ الاٹمنٹ کے فوراً بعد ضبط کر لیا گیا اس کے بعد پہلی طالبی رقم مانگی گئی۔ 300 حصص رکھنے والا گپتا پہلی طالبی رقم جمع کرانے میں ناکام رہا۔ 600 حصص والا گوپال نے پہلی طالبی رقم کے ساتھ دوسری طالبی رقم بھی ادا کر دیا۔ پہلی طالبی رقم کے وصول ہونے کے فوراً بعد گپتا کے حصص ضبط کر لئے گئے۔ اس کے بعد دوسری اور آخری طالبی رقم مانگی گئی۔ دوسری طالبی پر واجب الادا رقم پوری طرح وصول ہو گئی۔

تمام ضبط شدہ حصص کو 9 ₹ فی حصہ مکمل ادائیگی کے ساتھ دوبارہ جاری کیا گیا۔

کمپنی کی کتاب میں مندرجہ بالا مبادلوں کا روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 8

**یا**

XL لمٹیڈ نے 10 ₹ فی حصہ کے 1,00,000 حصص اکویٹی جاری کرنے کے لئے درخواستیں طلب کیں۔ رقم مندرجہ ذیل طور پر قابل ادا تھی :

درخواست پر 3 ₹ فی حصہ

الاٹمنٹ پر 4 ₹ فی حصہ

پہلی اور آخری طالبی پر 3 ₹ فی حصہ

اس اجراء پر تین گنا زائد چندہ آ گیا۔ 20% حصص کی درخواستوں کو رد کر دیا گیا اور درخواست کی رقم واپس کر دی گئی۔ باقی درخواستوں کو مندرجہ ذیل طور پر الاٹمنٹ کیا گیا :

| **درجہ** | **حصص کے لئے درخواست کی تعداد** | **حصص الاٹمنٹ کی تعداد** |
|---|---|---|
| I | 1,60,000 | 80,000 |
| II | 80,000 | 20,000 |

درخواستوں پر موصول زائد رقم کا تسویہ الاٹمنٹ اور پہلی اور آخری طالبی پر قابل ادا رقم میں کر لیا گیا۔ سبھی طالبی طلب کر لئے گئے اور وصول کر لئے گئے، سوائے درجہ I کے ایک حصہ دار کے جس نے 320 حصص کے لئے درخواست دی تھی۔ اس کے حصص ضبط کر لئے گئے۔ ضبط شدہ حصص کو ₹ 15 فی حصہ مکمل ادائگی کے ساتھ دوبارہ جاری کر دیئے گئے۔

مندرجہ بالا مبادلوں کے لئے XL لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجئے۔ ضرورت کے مطابق ایریرس طالبی کھاتہ اور ایڈوانس طالبی کھاتہ کھولئے۔

## حِصّہ – B

## آپشن–I

## (مالیاتی گوشواروں کا تجزیہ)

## (Analysis of Financial Statements)

18. نقد رواں گوشوارہ تیار کرتے وقت 'چیک اور ڈرافٹ دستوں' کو قابل غور نہیں سمجھا جاتا۔ کیوں ؟ 1

19. نقد رواں گوشوارہ تیار کرنے کے دو فائدوں کا تذکرہ کیجئے۔ 1

20. 'مالیاتی گوشواروں کے تجزیہ' کی دو حدود اور کنہیں دو مقاصد بیان کیجئے۔ 4

21. ایک کمپنی کا فوری تناسب 1 : 0.8 ہے۔ وجہ کے ساتھ بتایئے کہ مندرجہ ذیل مبادلوں میں فوری تناسب بڑھے گا، کم ہوگا یا کوئی تبدیلی نہیں ہوگی :

(1) ₹ 2,000 کے خوردہ اوزاروں کی خرید۔

(2) ایڈوانس میں بیمہ پریمیئم کی ₹ 500 ادائیگی۔

(3) ₹ 3,000 کی اشیاء کا اُدھار فروخت۔

(4) پختگی پر ₹ 5,000 کا قابل ادا بل کی ادائیگی۔ 4

22. ''مالیاتی گوشواروں کو کھاتہ داری تصورات، اصول قواعد اور قانونی ماحول جس میں کاروباری تنظیمیں کام کرتی ہیں، کو دھیان میں رکھ کر تیار کیے جاتے ہیں۔ یہ گوشوارے ایسی معلومات کے ذرائع ہوتے ہیں جن کی بنیاد پر ایک کمپنی کی نفع دہی اور مالی حالت کے بارے میں نتائج اخذ کئے جاتے ہیں تا کہ استعمال کنندگان آسانی سے سمجھ سکیں اور انہیں اپنے معاشی فیصلوں میں بامعنی طور پر استعمال کرسکیں۔''

مندرجہ بالا بیان سے ایسے دو قدروں کی پہچان کیجیے جنہیں کوئی بھی کمپنی اپنی مالیاتی گوشوارہ تیار کرتے وقت دھیان میں رکھے، نیز کمپنی دستور 2013 کی فہرست III کے مطابق ایک کمپنی کے مالیاتی گوشوارے میں مندرجہ ذیل مدوں کو کن عنوانوں اور ذیلی عنوانوں کے تحت دکھایا جائے گا۔

عام ذخیرہ، قلیل مدتی قرضے اور ایڈوانس، ترقی پر سرمایہ کاری کام اور ڈیزائن۔ 4

23. 31 مارچ 2016 کو RS لمیٹڈ کا تختہ توازن مندرجہ ذیل تھا:

**آر ایس لمیٹڈ کا 31-3-2016 کو تختہ توازن**

| تفصیلات | نوٹ نمبر | 31-3-2016 (₹) | 31-3-2015 (₹) |
|---|---|---|---|
| I. **اکویٹی اور واجبات** | | | |
| (1) حصص داروں کا فنڈ | | | |
| (a) حصص سرمایہ | | 9,00,000 | 7,00,000 |
| (b) ذخیرہ اور فاضلات | 1 | 2,50,000 | 1,00,000 |
| (2) غیر رواں واجبات | | | |
| طویل مدتی قرض | 2 | 4,50,000 | 3,50,000 |
| (3) موجودہ واجبات | | | |
| (a) قلیل مدتی قرض | 3 | 1,50,000 | 75,000 |
| (b) قلیل مدتی اہتمام | 4 | 2,00,000 | 1,25,000 |
| **گل :** | | **19,50,000** | **13,50,000** |
| II. **اثاثے :** | | | |
| (1) غیر رواں اثاثے | | | |
| (a) قائم اثاثے | | | |
| (i) قائم Tangible | 5 | 14,65,000 | 9,15,000 |
| (ii) غیر قائم Intangible | 6 | 1,00,000 | 1,50,000 |
| (b) غیر رواں سرمایہ کاری | | 1,50,000 | 1,00,000 |
| (2) رواں اثاثے | | | |
| (a) رواں سرمایہ کاری | | 40,000 | 70,000 |
| (b) مال فہرست | 7 | 1,22,000 | 72,000 |
| (c) نقد اور نقد مرادفات | | 73,000 | 43,000 |
| **گل:** | | **19,50,000** | **13,50,000** |

**کھاتہ داری کے نوٹس :**

| نوٹ نمبر | تفصیلات | 31-3-2016 (₹) | 31-3-2016 (₹) |
|---|---|---|---|
| 1 | ذخیرہ و فاضلات (نفع نقصان گوشوارہ کا توازن) | 2,50,000 | 1,00,000 |
| | | **2,50,000** | **1,00,000** |
| 2 | طویل مدتی قرض – 12% ڈبینچرز | 4,50,000 | 3,50,000 |
| | | **4,50,000** | **3,50,000** |
| 3 | قلیل مدتی قرضے – بینک اوورڈرافٹ | 1,50,000 | 75,000 |
| | | **1,50,000** | **75,000** |
| 4 | قلیل مدتی اہتمام – مجوزہ ڈویڈنٹ | 2,00,000 | 1,25,000 |
| | | **2,00,000** | **1,25,000** |
| 5 | قائم اثاثے | | |
| | مشینری | 16,75,000 | 10,55,000 |
| | اکٹھا فرسودگی | (2,10,000) | (1,40,000) |
| | | **14,65,000** | **9,15,000** |
| 6 | غیر قائم اثاثے | | |
| | ساکھ | 1,00,000 | 1,50,000 |
| | | **1,00,000** | **1,50,000** |
| 7 | فہرست اشیاء | | |
| | تجارت میں اسٹاک | 1,22,000 | 72,000 |
| | | **1,22,000** | **72,000** |

**اضافی معلومات :**

(i) 31-3-2016 کو 1,00,000، 12% قرض ناموں (ڈبنچرز) کو جاری کیا گیا۔

(ii) سال کے دوران مشین کا ایک حصہ جس کی لاگت 80,000 ₹ تھی اور مجموعی فرسودگی 40,000 ₹ تھی کو 10,000 ₹ نقصان پر فروخت کیا گیا۔

6 نقد رواں گوشوارہ تیار کیجئے۔

## حِصّہ – B

## آپشن–II

## (کمپیوٹرائزڈ اکاؤنٹنگ)

## (Computerized Accounting)

18. 'ڈاٹابیز' کا معنی کیا ہے؟ **1**

19. آنکڑوں (Data) کا نظام، طریقِ عمل اور اعتراض کے لچکدار طریقے سے کرنے میں استعمال ہونے والے سافٹ ویئر کے کسی دو طریقوں کے نام بتایئے۔ **1**

20. سافٹ ویئر کی اس قسم کا نام بتاتے ہوئے سمجھایئے کہ کثیر استعمال کنندگان اور مختلف علاقوں میں پھیلی ہوئی تجارتی تنظیموں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ **4**

21. کمپیوٹرائزڈ اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر کے کوئی چار فائدے سمجھایئے۔ **4**

22. 'فارم' کا معنی کیا ہے؟ 'اسپلِٹ فارم' 'سادہ فارم' سے کس طرح مختلف ہے؟ **4**

23. اس جدول کا نام بتایئے جو ایک دوسرے کو متاثر کرنے والے بڑی رقم کے اعداد و شمار کو جلد مختصر کرنے کا فعال طریقہ ہے۔ اس کے کوئی پانچ فوائد بیان کیجیے۔